# بلیسڈ ٹیکسٹائلز لمیٹڈ

## اطلاع سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بلیسڈ ٹیکسٹائلز لمیٹڈ کے ارکان کا 33 واں سالانہ اجلاس عام بروز منگل 27 اکتوبر 2020 کو دن 11:00 بجے، بمقام کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر بواقع 23/1، سیکٹر 23 ایس ایم فاروق روڈ، کورنگی کراچی میں درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا۔

### عام امور

1-26 اکتوبر 2019 کو منعقدہ گزشتہ سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق کرنا۔

2-30 جون 2020 مختتمہ سال کیلئے کمپنی کی ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ معہ مالیاتی گوشواروں کی وصولی اور منظوری دینا۔

3- اگلی مدت یعنی سال 2020-2021 کیلئے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے مشاہرہ کا تعین کرنا۔ ریٹائر ہونے والے آڈیٹرز میسرز رحمان سرفراز رحیم اقبال رفیق، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس دوبارہ تقرری کیلئے خود کو پیش کرنے کے اہل ہیں۔

4- صاحب صدر کی اجازت سے کسی دیگر امور پر کارروائی۔

بحکم بورڈ

غلام محی الدین

کمپنی سیکرٹری

کراچی مورخہ: 29 ستمبر 2020ء

### نوٹ:

**1۔ کوڈ۔19 کی صورتحال کے باعث بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شرکت**

ایس ای سی پی کے سرکلر نمبر 5 اور 25 مجریہ 2020ء برائے کاروباری شعبہ کورونا وائرس سے نجات کے ضمن میں سالانہ اجلاس عام (اے جی ایم) میں شرکت کے متمنی حصص یافتگان کو ویڈیو لنک کی سہولت کی فراہمی ("زوم" جو گوگل پلے یا ایپل ایپ اسٹور سے ڈاؤن لوڈ کی جا سکتی ہے) سے استفادہ کرنے کیلئے حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ اجلاس ہذا کے انعقاد کم سے کم دو روز قبل btl.corporate@umergroup.com پر درج ذیل فارمیٹ پر تفصیلات فراہم کر کے۔

| حصص یافتہ کا نام | سی این آئی سی نمبر | فولیو نمبر | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

کمپنی کے متمنی حصص یافتگان سے مندرجہ بالا معلومات کی موصولی پر کمپنی ان کے ای میل ایڈریس پر لاگ ان تفصیلات ارسال کر دے گی۔ سالانہ اجلاس عام کے دن حصص یافتگان بذریعہ اپنے اسمارٹ فون یا کمپیوٹر ڈیوائسز متعلقہ مقام سے اجلاس میں شرکت کر سکیں گے۔ اجلاس سے تیس (30) منٹ قبل شناخت اور تصدیقی طریقہ کار کے بعد اجلاس میں شرکت کی لاگ ان سہولت دستیاب ہوگی۔

موجودہ وبائی صورتحال کی وجہ سے ممبران کو عملی طور پر حصہ لینے کی ترغیب دی جاتی ہے۔

2۔ کمپنی کی حصص منتقلی کتابیں 19 اکتوبر 2020 تا 27 اکتوبر 2020 (دونوں ایام شامل) بند رہیں گی۔ 18 اکتوبر 2020 کو کاروبار کے اختتام تک کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر بواقع عمر ہاؤس، 23/1، سیکٹر 23 ایس ایم فاروق روڈ، کورنگی کراچی میں موصول ہونے والی منتقلیاں کمپنی کے سالانہ اجلاس عام میں شرکت، ووٹ دینے کے استحقاق کے مقصد کیلئے بروقت تصور ہونگی۔

3۔ ارکان سے درخواست ہے کہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کے ہمراہ اصالتاً حاضر ہوں یا کسی دیگر رکن کو پراکسی مقرر کریں اور اپنی پراکسی باقاعدہ گواہی شدہ اس طور ارسال کریں کہ کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل پہنچ جانی چاہئیں۔

4۔ کمپینز ایکٹ 2017 کی دفعہ 132(2) کی پیروی میں، کمپنی اپنے ارکان کو اس شہر میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت، اگر دستیاب ہو، ویڈیو لنک کے ذریعے سالانہ عام اجلاس میں شرکت کرنے کی سہولت فراہم کرے گی، جہاں کمپنی کے 10 فیصد یا زیادہ حصص یافتگان ہیں، بشرطیکہ کمپنی اجلاس کی تاریخ سے کم از کم سات (07) دن پہلے ویڈیو لنک کے ذریعے سالانہ عام اجلاس میں حصہ لینے کا مطالبہ وصول کرتی ہے۔

اس سلسلے میں، گزارش ہے کہ سالانہ عام اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 10 دن قبل درج ذیل فارم کو پُر کریں اور کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر جمع کروائیں۔

''میں رہم ............ سکنہ ............ بحیثیت رکن بلیسڈ ٹیکسٹائلز لمیٹڈ مالک ............ عام حصص بذریعہ ہذا ............ میں وڈیو کانفرنس سہولت اختیار کرنا چاہتے ہیں۔

دستخط حصص دار ............

5۔ اجلاس ہذا میں شرکت اور ووٹ دینے کے اہل سی ڈی سی کے کسی انفرادی بینفشل اونر کو اپنی شناخت ثابت کرنے کیلئے اپنا اصل CNIC یا پاسپورٹ، اکاؤنٹ اور پارٹیسپنٹ کا آئی ڈی نمبرز لازماً ہمراہ لانا چاہئے۔ پراکسی کی صورت میں اپنے CNIC یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقل لازماً ملف کرنی چاہئے۔ کارپوریٹ ارکان کے نمائندگان کو ایسے مقصد کے لئے مطلوبہ معمول کے دستاویزات ہمراہ لانے چاہئیں۔ سی ڈی سی کے اکاؤنٹ / سب اکاؤنٹ ہولڈر کو مزید برآں سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن پاکستان کی طرف سے جاری کردہ سرکلر نمبر 1 مورخہ 26 جنوری 2000 میں دی گئی گائیڈ لائنز کی پیروی کرنا ہوگی۔

6۔ SRO 1013(1)/2017 مورخہ 6 ستمبر، 2017 کی تعمیل میں، 30 جون، 2020 تک غیر دعویٰ شدہ شیئرز، ڈیویڈینڈ یا مضاربہ سرٹیفکیٹ کی دعویدارانہ تفصیلات ہماری ویب سائٹ: www.umergroup.com پر اپ لوڈ کی گئیں ہیں۔ اس سلسلے میں، مذکورہ حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ وہ کسی بھی غیر دعویٰ شدہ منافع، حصص یا مضاربہ سرٹیفکیٹ کے حوالے سے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر یا شیئر رجسٹرار دفتر سے رجوع کریں۔

7۔ ارکان سے درخواست ہے کہ اپنے پتہ اور بینک تفصیلات میں تبدیلی اگر کوئی ہو، فی الفور ہمارے شیئر رجسٹرار، حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو مطلع کر دیں۔

8۔ نوٹیفکیشن SRO 787(1)/2014 بتاریخ 8 ستمبر، 2014 کے تحت SECP نے ہدایت کی ہے کہ کمپنی کے ارکان کو سالانہ مالیاتی گوشوارے اور نوٹس الیکٹرانک میل سسٹم (ای میل) کے ذریعے وصول کرانے کی سہولت فراہم کی جائے۔ ہم یہ سہولت اپنے ان ارکان کو بخوشی پیش کرتے ہیں جو مستقبل میں ای میل کے ذریعے کمپنی کے سالانہ مالی گوشوارے اور نوٹس وصول کرنا چاہتے ہیں۔ اس سلسلے میں ارکان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ ایک معیاری درخواست فارم جو کمپنی کی ویب سائٹ یعنی www.umergroup.com پر دستیاب ہے میں ای میل کے ذریعے اپنی رضامندی کا اظہار کریں۔ براہ کرم یقینی بنائیں کہ آپ کے ای میل میں ایسی ای میل کو حاصل کرنے کے کافی حقوق اور جگہ دستیاب ہے جو سائز میں 2MB فائل سے بڑی ہو سکتی ہے۔ مزید یہ کہ ممبر پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ رجسٹرڈ ای میل ایڈریس میں کسی بھی تبدیلی کے بارے میں شیئر رجسٹرار کو بروقت اپ ڈیٹ کریں۔

9۔ ای ووٹنگ، ارکان کمپینز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 145-143 اور کمپینز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کی لاگو شقوں کے تقاضوں کو پورا کرنے کے حوالہ سے اپنا حق استعمال کرتے ہوئے پول کا مطالبہ کر سکتے ہیں۔

10۔ موجودہ وبائی صورتحال کی وجہ سے ممبران سے گزارش ہے کہ وہ میٹنگ کے دوران اپنی حفاظت کے لئے درج ذیل ایس او پیز کی پاسداری کریں۔

i) اجلاس کے دوران ماسک کو مناسب طریقے سے پہنیں۔

ii) اجلاس کے دوران معاشرتی دوری کو برقرار رکھیں۔

iii) جلسہ گاہ میں سماجی دوری کے اصولوں کے مطابق بیٹھنے کے انتظامات پر عمل کریں۔

iv) بچوں کو ممبروں کے ساتھ نہیں جانا چاہئے۔

v) ہلکی کھانسی یا کم درجہ کا بخار رکھنے والے ممبران کی اجلاس میں شرکت منع ہے۔